نئے ایمانداروں

کے لیے

سادہ سچائیاں

(سوالات و جوابات)

دوسرا ایڈیشن

ورژن2-0

آگے

کئی سالوں سے، خدا کے لوگوں نے سوالات اور جوابات کا ایک مجموعہ استعمال کیا جو انہیں نئے ایمانداروں کو وہ سچائیاںسکھانے میں مدد دیتا ہے جو اُن کے لئے بہت اہم ہیں. یہ کتاب ایک نئی نسل کے لوگوں کو جو یسوع کی پیروی کرتے ہیں اہم سچائیاں پیش کرےگی۔

اِس کتاب میں 144 سوالات اور اُنکے جوابات شامل ہیں۔ ہر سوال کے فوراً بعد ایک جواب دیا گیا ہے۔ ہر جواب کا انتخاب بائبل کے مطابق ہے۔ اور بائبل کے ہر انتخاب پر کتاب کا عنوان بھی شامل ہے (مثال کے طور پر: پیدائش)۔ کتاب کے نام کے بعد اِسکا باب لِکھا ہے جہاں سے جواب کا انتخاب کیاگیا (مثال کے طور پر: باب 2)۔ اِس کے بعد اِس کی آیت یا آیات کا نمبر لِکھا ہے جہاں سے آیت کا انتخاب کیا گیا (مثال کے طور پر: آیت 3)۔ لہذا، پیدائش باب دو اور آیت 3 اس طرح نظر آئے گی: پیدائش 2: 3

ایک موافقت کی طرف سے:

www.clearandsimplemedia.org

اس کتاب کا ایک الیکٹرانک ورژن تلاش کرنے کے لئے، ملاحظہ کریں:

www.asimpleword.org

ترجمہ www.christian-translation.com کی طرف سے کیا گیا ۔

بعض جوابات میں جملہ کچھ حصوں پر مشتمل ہو گا (مثال کے طور پرسوال : 4)

پہلا حصہ

خدا اور انسان

سوالات 1 سے 26

دوسرا حصہ

گناہ * اور شریعت *

سوالات 27 سے 62

تیسرا حصہ

مسیح اور نجات *

سوالات 63 سے 90

چوتھا حصہ

روح اور کلیسیا

سوالات 91 سے 117

پانچواں حصہ

دعا اور اُمید

سوالات 118 سے 144

جب آپ اِس* نشان کو دیکھیں گے، تو یہ نِشان یہ بتاتا ہے کہ کتاب کے آخر میں لفظ کی فہرست میں یہ لفظ دیکھاجا سکتاہے۔

حصہ اول

خدا اور انسان

س: 1 آپ کو کِس نے بنایا؟

ج : خدا نے مجھے بنایا۔

پیدائش 1: 26-27؛ پیدائش 2: 7؛ اعمال17:26

س : 2 خدا نے اور کیا کِیا؟

ج: تمام چیزیں خُدا نے بنائیں۔

پیدایش 31:1 زبور 33: 6-9؛ کلیسیوں 1: 16-17

س : 3 خدا نے آپ کو اور تمام چیزوں کو کیوں بنا یا؟

ج: خُدانے مجھے اور تمام چیز وں کو اپنے جلال کے لئے بنا یا۔

زبور 19: 1؛ یسعیاہ 43: 7؛ 1 کرنتھیوں31:10

س: 4 آپ کیسے خدا کو جلال دے سکتے ہیں؟

ج : میں خُدا سے محبت کرکے اور اِس پر اعتقاد رکھ کر اُسے جلال دیتا ہوں۔ اور جب وہ مجھے کچھ کرنے کو کہتا ہے میں تب ویسا کرکے اُسے جلال دیتا ہوں۔

متی 16:5 ؛ یوحنا 21:14 ؛ 1یوحنا 5: 3

س : 5 آپ کو کیوں خدا کو جلال دینا چاہئے؟

ج : کیونکہ اُس نے مجھے بنا یا اور میری دیکھ بھال کرتا ہے۔

زبور 145: 9؛ 1 پطرس 5: 7؛ مکاشفہ 4: 11

س: 6 کتنے معبود ہیں؟

ج: صرف ایک خُدا ہے ۔

استثنا 6: 4؛ یسعیاہ 45: 5؛ یرمیاہ 10:10

س: 7 ایک خُدا میں کتنے اقنوم موجود ہیں ؟

ج : خُدا تین اقنوم رکھتا ہے۔

متی 3: 16-17؛ یوحنا 23:5؛ یوحنا30:10 ؛ یوحنا 15: 26

س : 8 وہ کون ہیں؟

ج: باپ، بیٹا، اور روح القدس *۔

متی 28: 19؛ 2 کرنتھیوں 13: 14 ؛ 1 پطرس 1: 2

س:9 خُدا کیا ہے؟

ج: خُدا ایک روح *ہے۔وہ اِنسان کی طرح ایک بدن نہیں رکھتا۔

یوحنا 4: 24 ؛ 2 کرنتھیوں 3: 17 ؛ 1 تیمُتھیس 1: 17

س: 10 کیا خُدا کا کوئی شروع ہے؟

ج: نہیں ، خُدا ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

خروج 3: 14؛ زبور 90: 2 ؛ یسعیاہ 40: 28

س: 11 کیا خُدا تبدیل ہوتا ہے؟

ج: نہیں ، خُدا ہمیشہ یکساں خُدا ہے۔

زبور 102: 26-27؛ ملاکی3: 6 عبرانیوں 13: 8

س: 12 خدا کہاں ہے؟

ج: خدا ہر جگہ ہے۔

زبور 139: 7-12؛ یرمیاہ 23: 23-24؛ اعمال 17: 27-28

س: 13 کیا آپ خدا کودیکھ سکتے ہو؟

ج: نہیں، میں خدا کونہیں دیکھ سکتا، لیکن وہ ہمیشہ مجھے دیکھتا ہے۔

زبور 33: 13-15؛ امثال5:21؛ یوحنا 1:18 ؛ 1 تیمتھیس 1:17

س: 14 کیا خدا سب چیزوں کو جانتا ہے؟

ج: جی ہاں، خدا ہر چیز کو جانتا ہے. میں خدا سے کچھ بھی نہیں چھپا سکتا ۔

1سموئیل 2: 3؛ امثال 15: 3؛ عبرانیوں4: 13

س: 15 کیا خدا سب کچھ کر سکتا ہے؟

ج: جی ہاں، خدا ہر مقدس کام کو کر سکتا ہے جسے چاہتا ہے۔

یسعیاہ 46: 9 -10؛ دانی ایل 4: 34-35؛ افسیوں1:11

س:16 میں خدا کی اطاعت کرنے، اُس سے محبت رکھنے اوراُس پر اعتقاد کرنے کے متعلق جاننے کے لیے کہاں سے سیکھوں ؟

ج: خدا نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ میں اُس کے کلام ، بائبل میں سے اُس پر اعتماد کرنے، محبت کرنے اور اُس کی اطاعت کرنے کے متعلق جانوں۔

زبور 119: 104-105؛ یوحنا 20: 30-31؛ 2 تیمتھیس3:15

س: 17 بائبل آپ کو کیا سکھاتی ہے؟

ج: بائبل مجھے خدا کی سچائی،اور یسوع مسیح کے ذریعے دنیا کو بچانے کے متعلق اِس کے منصوبہ کی تعلیم دیتی ہے۔ اور یہ میری حقیقت کے متعلق مجھے سکھاتی ہے۔

زبور 119: 159-160؛ یوحنا 17:17؛ 2 تیمتھیس 3: 14-17

س:18 بائبل کِس نے لکھی؟

ج: آدمیوں نے، جنہوں نے روح القدس سے ہدایت اور رہنمائی حاصل کی ۔

2 پطرس 1: 20-21؛ 2 پطرس 3: 15-16

س: 19 ہمارے پہلے والدین کون تھے؟

ج: آدم اور حوا۔

پیدائش 3: 20؛ پیدائش 5: 1-2

س:20 خدا نے ہمارے پہلے والدین کو کیسے بنایا؟

ج: خدا نے آدم کو زمین کی مٹی سے بنایا.اور خُدا نے آدم کے بدن سے حوا کو بنایا۔

پیدائش 2: 7؛ پیدائش 2: 21-23؛ پیدائش3:19 ؛ زبور 14:103

س: 21 آدم اور حوا خدا کی بنائی ہوئی تمام چیزوں سے کیسے مختلف تھے؟

ج: خدا نے آدم اور حوا کو اپنی شبیہ پر بنایا۔

پیدائش 1: 26-27

س:22 ہم آدم اور حوا میں خدا کی شبیہ کیسے دیکھ سکتے ہیں؟

ج: خدا نے انہیں اپنی تخلیق پر حکمرانی دی ۔ وہ سچائی کو سمجھ سکتے ۔ وہ اُس سے محبت کر سکتے جو صحیح ہے۔ وہ خوبصورتی سے لطف اندوز ہو سکتے۔ وہ ایسا کر سکے جو خدا کو پسند ہے۔ وہ خدا اور ایک دوسرے کےساتھ بات کر سکتے تھے۔

پیدائش 1: 26-27؛ پیدائش 2: 7-9؛ زبور 147: 10-11؛ فلپیوں 4: 8

س: 23 خدا نے آدم اور حوا کو بدنوں کے علاوہ اورکیا دیا؟

ج: خدا نے انہیں روحیں دیں جو کبھی نہیں مر یں گی۔

پیدائش 2: 7؛ استثنا 6: 5؛ واعظ 12: 7؛ متی26:16

س: 24 کیا بدن کے ساتھ ساتھ آپ بھی ایک روح رکھتے ہیں ؟

ج: جی ہاں، مجھ میں ایک روح * ہے جو کبھی نہیں مر ے گی۔

زکریا 12: 1؛ اعمال 7: 59؛ 2 کرنتھیوں 5: 8

س: 25 آدم اور حوا کیسے تھے جب خدا نے اُنہیں بنایا؟

ج: خدا نے انہیں پاک * اور خوشحال بنایا. وہ باغ میں خدا کے ساتھ رہتے تھے جواُس نے اُن کے لئے بنایاتھا۔

پیدائش 1: 26-28؛ پیدائش 2: 15-17؛ پیدائش 2: 25؛ زبور 8: 4-8

س: 26 خدا آدم اور حواسے کیا چاہتا تھا؟

ج: خدا چاہتا تھا کہ وہ اُس پر بھروسہ کریں اور مکمل طور پر اُسکی اطاعت کریں۔

پیدائش 2: 15-17؛ زبور 8: 4-8

دوسرا حصہ

گناہ اور شریعت

س:27 کیا آدم اور حوانے خدا کی فرمانبرداری کی اورکیا وہ مقدس * اور خوش رہے؟

ج: نہیں، انہوں نےخُدا کی اطاعت نہیں کی بلکہ انہوں نے خدا کے خلاف گناہ کا انتخاب کیا۔

پیدائش 3: 6-8

س: 28 گناہ* کیا ہے؟

ج: گناہ* یہ ہے کہ جب خُدا ہم سے کچھ کرنے کو کہے اور ہم ایسا نہ کریں ۔ اورجس کام سے خُدا نے منع کیا ہو اور ہم اُسے کریں ۔

رومیوں 32:1 ؛ یعقوب 2: 10-11؛ یعقوب 17:4 ؛ 1 یوحنا 3: 4

س:29 ہر گناہ* کس کامستحق ہے؟

ج: ہر گناہ * خدا کے غضب اور سزا کا مستحق ہے۔

استثنا 26:27 ؛ رومیوں18:1؛ رومیوں 23:6 ؛ افسیوں 5: 6

س: 30 ہمارے پہلے والدین کا گناہ* کیا تھا؟

ج: انہوں نے وہ پھل کھایا جس کے متعلق خُدا نے منع کیا تھا۔

پیدائش 2: 16-17؛ پیدائش 3: 6

س:31 گناہ* کرنے کے لیے کس نے اُنکی آزمائش کی؟

ج: شیطان* نے حوا کی آزمائش کی اور اُس نے آدم کو پھل کھانے کو دیا۔

پیدائش 3: 1-5؛ یوحنا 44:8 ؛ 2 کرنتھیوں 11: 3؛ مکاشفہ 12: 9

س:32 جب ہمارے پہلے والدین نے گناہ کیاتو دنیا میں کیا ہوا ؟

ج: خدا نے زمین پر لعنت کی ۔اور موت دنیا میں آئی، جیسا کہ خدا نے انہیں خبردار کیا تھا۔

پیدائش 2: 15-17؛ پیدائش 3: 16-17

س:33 جب ہمارے پہلے والدین نے گناہ کیا تواُنکے ساتھ کیا ہوا؟

ج: خدا نے آدم اور حوا کو باغ سے باہر نکال دیا. وہ اب پاک * اور خوش نہیں تھے. اس کے برعکس، وہ گنہگار ،مجرم، شرمندہ اور خوفزدہ تھے۔

پیدائش 3: 8-13؛ 16-19؛ 23

س: 34 کیونکہ آدم نے گناہ کیا،تواُن سب کے ساتھ کیا ہوا جو اُس کے بعد آئےتھے؟

ج: آدم اور حوا کے بعد پیدا ہوا ہر شخص گنہگار* پیدا ہوا ۔

زبور 51: 5؛ رومیوں 5: 18-19؛ 1 کرنتھیوں 15: 21-22

س:35 کیا خدا نے لعنت کے تحت دنیا کو چھوڑ دیا؟ کیا اُس نے لوگوں کو اُن کے گناہ کےباعث چھوڑ دیا؟

ج: نہیں، خدا نے انہیں بچانے کا اہتمام کیا۔اور خدا نے نجات دہندہ* بھیجنے کا وعدہ کیا۔

متی1:21 ؛ یوحنا 3: 16-17؛ 1 یوحنا 4: 14

س:36 ایک عہد* کیا ہے؟

ج: ایک عہد دو یا زیادہ افراد کے درمیان ایک سنجیدہ وعدہ ہے۔

س: 37 خدا نے اسرائیل* کے لوگوں کے ساتھ کیا عہد باندھے؟

ج: خدا نے ابراہیم کے خاندان کو ایک عظیم قوم بنانے کا وعدہ کیا تھا. اُس نے ابراہیم کے ذریعے تمام قوموں کو برکت دینے کا وعدہ کیا۔

خدا نے موسی کو شریعت دی۔ اُس نے موسی کے ساتھ رہنے کا وعدہ کیا اور اسرائیل کوخُدا کا حکم ماننے اور اُسکی فرمابرداری کرنے پر برکت دینے کا وعدہ کیا۔

خدا نے داؤد سے وعدہ کیا کہ اُس کے بیٹوں میں سے ایک عظیم بادشاہ بنے گا اور ہمیشہ کے لئے حکمرانی کرے گا۔

خدا نے وعدہ کیا کہ ایک دن وہ ایک نیا عہد باندھے گا۔ اُس نے لوگوں کے گناہوں کو معاف کرنے اور لوگوں کے دِلوں کو تبدیل کرنے کا وعدہ کیا۔

پیدائش 12: 1-3؛ پیدائش 15؛ خروج 24: 3-7؛ 2 سموئیل 7: 16 ؛یرمیاہ 31: 34-31

دس احکام

س: 38 دس احکام کیا ہیں؟

ج: دس احکام خُدا کا وہ کلام ہے جو خُدا نے اسرائیل کے لوگوں کے لیے موسی کو دیئے۔ خُدا نے پتھر کی دو لوحوں پر خود دس احکام لکھے۔

خروج 18:31 ؛ استثنا 10:9

س: 40 وہ احکام کیا ہیں؟

ج: میرے سامنے کسی دوسرے معبود کی پوجا مت کرنا۔

اپنے لیے کوئی تراشی ہوئی مورت مت بنانا اور نہ اُنکی عبادت کرنا۔

اپنے خُدا کا نام بے فائدہ مت لینا۔

سبت کا دِن پاک ماننا۔

اپنے ماں باپ کی عزت کرنا۔

تُو خُون نہ کرنا۔

زنا نہ کرنا۔

چوری نہ کرنا۔

اپنے پڑوسی کی جھوٹی گواہی نہ دینا۔

اپنے پڑوسی کی شے کا لالچ نہ کرنا۔

خُروج20: 1-17

س: 40 پہلا حکم کیا ہے؟

ج: پہلا حکم یہ ہے کہ ؛ میرے سامنے کسی دوسرے معبود کی پوجا مت کرنا۔

خروج 20: 3؛ یسعیاہ 45: 5-6

س: 41 پہلاحکم کیا سیکھاتا ہے؟

ج : پہلا حکم ہمیں صرف ایک خدا کی عبادت کرنے کے متعلق سکھا تا ہے ۔

زبور 44: 20-21؛ متی 4:10 ؛ مکاشفہ 22: 8-9

س: 42 دوسرا حُکم کیا ہے؟

ج: دوسرا حُکم یہ ہے کہ ؛ اپنے لیے کوئی تراشی ہوئی مورت *مت بنانا اور نہ اُنکی عبادت کرنا۔

خروج 20: 4-6؛ استثنا 5: 8-10

س:43 دوسرا حُکم کیا سیکھاتا ہے؟

ج: دوسرا حکم مجھے سیکھاتا ہے کہ بتوں یا تصاویر کی عبادت نہ کرنا۔

یسعیاہ 44: 10-11؛ یسعیاہ 46: 5-9؛ اعمال 17: 29

س:44 تیسرا حکم کیا ہے؟

ج: تیسرا حُکم یہ ہے کہ خُدا وند*اپنے خُدا کا نام بے فائدہ مت لینا۔

خروج 20: 7؛ استثنا 5:11

س: 45 تیسرا حکم کیا سیکھا تاہے۔

ج: تیسرا حُکم ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ ہمیں خدا کا نام ایسے نہیں لینا چاہئے جس سے اس کی تعظیم* نہ ہو ۔

یسعیاہ 13:8 ؛ زبور 138: 2؛ مکاشفہ 15: 3-4

س: 46 چوتھا حُکم کیا ہے؟

ج: چوتھا حُکم یہ ہے کہ سبت* کا دِن پاک ماننا۔

خروج 20: 8-11؛ استثنا 5: 12-15

س: 47 چوتھا حُکم کیا سیکھاتا ہے؟

ج: چوتھا حکم ہمیں ہمارے آرام میں، ہمارے کام میں اور عبادت میں خدا کی تعظیم* کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔

خروج 16: 23 ؛ یسعیاہ 58: 13-14

س: 48 پانچواں حُکم کیا ہے؟

ج: پانچواں حُکم یہ ہے کہ اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت* کرنا۔

خروج 12:20 ؛ استثنا 5: 16

س: 49 پانچواں حُکم ہمیں کیا سیکھاتا ہے؟

ج: پانچواں حُکم ہمیں والدین کی فرمابرداری کرنا اور اُن سے پیار کرنا سیکھاتا ہے۔

امثال 1: 8؛ افسیوں 6: 1-3؛ کُلسیوں 20:3

س: 50 چھٹا حُکم کیا ہے؟

ج: چھٹا حُکم یہ ہے کہ کسی کا خُون نہ کرنا۔

خُروج 13:20 ؛ استثنا 17: 5

س: 51 چھٹا حُکم ہمیں کیا سیکھاتا ہے؟

ج: چھٹا حُکم ہمیں یہ سیکھاتا ہے کہ کسی سے نفرت نہ کریں نہ دوسروں کی جان لیں۔

پیدائش 9: 6؛ متی 5: 21-22؛ 1 یوحنا 15:3

س: 52 ساتواں حُکم کیا ہے؟

ج: ساتواں حُکم یہ ہے کہ زنا *نہ کرنا۔

خروج 14:20 ؛ استثنا 18:5

س:53 ساتواں حُکم کیا سیکھاتا ہے؟

ج: ساتواں حُکم یہ سیکھاتا ہے کہ ہمیں کسی ایسے شخص کے ساتھ جنسی تعلق نہیں رکھنا جو ہمارا شوہر یا بیوی نہ ہو۔

متی 5: 27-28؛ افسیوں 5: 3-4

س: 54 آٹھواں حُکم کیا ہے؟

ج: آٹھواں حُکم یہ ہے کہ چوری نہ کر۔

خُروج 15:20 ؛ استثنا 19:5

س: 55 آٹھواں حُکم ہمیں کیا سیکھاتا ہے؟

ج: آٹھواں حُکم ہمیں یہ سیکھاتا ہے کہ ہمیں ایسی چیزوں کو نہیں لینا چاہیے جن کا تعلق دوسروں سے ہو۔

خروج 23: 4؛ امثال 21: 6-7؛ افسیوں 28:4

س:56 نواں حُکم کیا ہے؟

ج: نواں حُکم یہ ہے کہ اپنے پڑوسی کی جھوٹی گواہی مت دیں۔

خروج 20:16 ؛ استثنا5: 20

س:57 نواں حُکم کیا سیکھاتا ہے؟

ج: نواں حُکم ہمیں یہ سیکھاتا ہے کہ ایماندار رہے اور سچ بولیں۔

زبور 15: 1-3؛ امثال 12:17 ؛ 1 کرنتھیوں 13: 6

س:58 دسواں حُکم کیا ہے؟

ج : دسواں حُکم یہ ہے کہ اپنےپڑوسی کی شے کا لالچ نہ کرنا۔

خُروج 20:17 ؛ استثنا 5:21

س: 59 دسواں حُکم ہمیں کیا سیکھاتا ہے؟

ج: دسواں حُکم ہمیں یہ سیکھاتا ہے کہ جو کچھ ہمارے پاس ہے اُس پر قناعت کریں۔

فلپیوں4:11 ؛1 تیمتھیس 6: 6؛ عبرانیوں 13: 5

س:60 کیا یہودی لوگوں نے موسی کے دیئے گئے قوانین کی اطاعت کی؟

ج: نہیں. انہوں نے خدا کا قانون توڑ دیا اور خدا نے ان کو سزا دی، جیسا کہ اُس نے انہیں خبردار کیا تھا۔

استثنا 9: 12، حزقی ایل 39:23

س: 61 کیا کوئی شخص خدا کے حکموں کو ہر طرح سے رکھ سکتا ہے؟

ج: آدم نے خدا کی نافرمانی کی۔ اُس وقت سے، کوئی آدمی خدا کے ہر طرح کے حکموں کو برقرار رکھنے میں کامیاب نہیں ہوسکا۔

واعظ 7: 20؛ رومیوں 3:23 ؛ یعقوب 2:10

س: 62 دس احکام ہمیں کیا بتاتےہیں؟

ج: دس احکام ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ خدا پاک اور بھلا ہے۔ وہ ہمیں سکھا تے ہیں کہ ہم خدا اور ہمارے پڑوسی سے محبت کیسے رکھیں. وہ ہم پر ظاہر کرتے ہیں کہ ہم گنہگار* ہیں اور خدا کی اطاعت نہیں کرتے . وہ ہم پر ظاہر ہیں کہ ہمیں نجات دہندہ* کی ضرورت ہے۔

واعظ 13:12 ؛ 1 تیمتھیس 1: 8-9؛ رومیوں 20:3 ؛ 13:5 ؛ 7: 7-11؛

گلتیوں 3: 19-24

تیسرا حصہ

مسیح اور نجات*

س : 63 نجات دہندہ *کون ہے؟

ج: گنہگاروں* کا واحد نجات دہندہ * خداوند * یسوع مسیح ہے۔

لوقا 2: 11؛ اعمال 4: 11-12؛ 1 تیمتھیس15:1

س:64 یسوع مسیح کون ہے؟

ج: یسوع مسیح ابدی * خدا کا بیٹا ہے۔

یوحنا 1: 1،14،18؛ یوحنا 3: 16،18؛ گلتیوں 4: 4؛ کلسیوں 1: 15-18؛

عبرانیوں 1: 1-3؛ 1 یوحنا 20:5

س: 65 خدا نے اپنے بیٹے کو دنیا میں کیوں بھیجا؟

ج: خدا نے اپنے بیٹے کو دنیا میں اِس لیے بھیجا کیونکہ وہ ہمیں عزیز رکھتا۔ اس نے اپنے بیٹے کو بھیجا کیونکہ وہ رحم اور فضل* کا خدا ہے۔

زبور 103: 8-11؛ یوحنا 3: 16-17؛ رومیوں 5: 7-8؛ افسیوں 2: 4-5؛ 1 یوحنا 4: 9 -10

س:66 کیا یسوع مسیح خدا اور انسان دونوں تھا؟

ج: جی ہاں، یسوع کامل خدا اور کامل انسان تھا۔

یوحنا 1: 1-3، 14؛ فلپیوں 2: 5-11؛ کُلسیوں 2: 9؛ عبرانیوں 2: 14-18

س:67 یسوع نجات دہندہ* نے کیا کام کیا؟

ج: انہوں نے ہر طرح سے خدا کی اطاعت کی اور گنہگار* لوگوں کی سزا خود لے لی۔

رومیوں 8: 3-4؛ فلپیوں 2: 7-8؛ عبرانیوں 15:4 ؛ عبرانیوں 9: 14-15

س:68 یسوع کیوں مر گیا؟

ج: یسوع نے گنہگار* لوگوں کی جگہ پر مرکر خدا کا غضب دور کیا۔

مرقُس 45:10 ؛ 2 کرنتھیوں 5: 19 - 21؛ گلتیوں 13:3

س: 69 خدا کا ابدی* بیٹا کس طرح گنہگار * لوگ کے گناہ اُٹھا سکا؟

ج : یسوع، خدا کا بیٹا، ایک اِنسان بن گیا۔

یوحنا 14:1 ؛ گلتیوں 4: 4،5؛ کُلسیوں 2: 9

س: 70 خدا کابیٹا اِنسان کیسے بن گیا؟

ج: وہ روح القدس کی قدرت سے کنواری * مریم سے پیدا ہوا۔

یسعیاہ 14:7 ؛ متی 1: 18-21

س:71 یسوع مسیح نے کس طرح کی زندگی زمین پر گزاری؟

ج: ایک سادہ، قابل قدر * اور عاجزی کی زندگی گزاری۔

متی 8:20 متی 11: 28-30؛ لوقا 4: 18-19؛ 2 کرنتھیوں 8: 9؛ 2 کرنتھیوں 10: 1

س:72 کیا خداوند* یسوع مسیح نے کبھی گناہ کیا؟

ج: نہیں، وہ پاک اور بےعیب تھا.

یوحنا 8: 29؛ 2 کرنتھیوں 21:5 ؛ عبرانیوں 26:7 ؛1 پطرس 2: 21-23

س: 73 یسوع مسیح کیسی موت مرا؟

ج : مسیح صلیب* پر مر ا ۔

لوقا 33:23 ؛گلتیوں 13:3 ؛ فلپیوں 2: 8

س:74 کیا مسیح مرنے کے بعد قبر میں رہا؟

ج : نہیں، مسیح تیسرے دن موت پر غالب آیا۔

متی 28: 5-7؛ لوقا 24: 5-8؛ رومیوں25:4 ؛ 1 کرنتھیوں 15: 4،3

س: 75 کِن لوگوں کو خدا اُنکے گناہوں* کے نتیجے نجات بخشے گا؟

ج : خدا ان لوگوں کو نجات دے گا جو اپنے گناہ* سے توبہ* کریں۔ اور خداوند* یسوع مسیح پر ایمان رکھیں

مرقس 1: 15،14؛ یوحنا 3: 16-18؛ اعمال 21:20

س :76 توبہ* کرنے کا کیا مطلب ہے؟

ج: توبہ* کرنے کا مطلب اپنے گناہ* پر پچھتانا اور خود کو گناہ* سے باز رکھنا کیونکہ اس نے خدا کوخفا کیا

لوقا 19: 8-10؛ 2 کرنتھیوں 7: 9 -10؛ 1 تھسلنیکیوں 1: 9 -10

س: 77 مسیح پر ایمان* لانے یا اعتقاد رکھنے کا کیا مطلب ہے؟

ج: ایمان* لانے کے لئے مسیح پریہ اعتقاد رکھنا کہ اُس پر ایمان * رکھنے سے ہم نجات پاتے ہیں۔

یوحنا 14: 6؛ اعمال 12:4 ؛ 1 تیمتھیس 2: 5؛ 1 یوحنا 5: 11-12

س:78 کیا آپ اپنی قوت سے توبہ *کر کے مسیح پر ایمان لاسکتے ہو؟

ج: نہیں، مجھےضرور ہی روح القدس* کی مدد کی ضرورت ہو گی۔

یرمیاہ 23:13 ؛ یوحنا 3: 5-6؛ یوحنا 44:6 ؛ 1 کرنتھیوں 14:2

س:79 لوگ کہاں سے مسیح کے متعلق سچ سنتے ہیں؟

ج: انجیل* میں خوشخبری ہے جو تمام لوگوں کےلئے ایک نجات دہندگان* کو پیش کرتی ہے

مرقس 1: 1؛ اعمال 15: 7؛ رومیوں 1: 16-17

س:80 اب ہمارا نجات دہندہ* یسوع مسیح ہمارے لیے کیا ہے؟

ج: اب یسوع مسیح ہمارا نبی* ، ہمارا کاہن اور ہمارا بادشاہ بن گیا ہے۔

متی 57:13 ؛ یوحنا 37:18 ؛ عبرانیوں 1: 1-3؛ عبرانیوں 5: 5-6؛ مکاشفہ 1: 5

س: 81 یسوع مسیح ایک نبی* کیسےہے؟

ج: کیونکہ وہ ہمیں بتاتا ہے کہ خدا کون ہے اور کہ کیسے ہم اُسے خوش کرسکتے ہیں اور ہمیں تعلیم دیتا ہے

استثنا 18:18؛ یوحنا18:1 ؛ یوحنا 4: 25-26؛ اعمال 22:3 ؛ 1 یوحنا20:5

س:82 ہمیں نبی* کے طور پرمسیح کی ضرورت کیوں ہے؟

ج: کیونکہ ہم اِس کے بغیر خدا کونہیں جان سکتے۔

متی 11: 25-27؛ یوحنا 17: 25-26؛ 1 کرنتھیوں 2: 14-16

س:83 یسوع مسیح ایک پادری کیسے ہے؟

ج: وہ ہماری جگہ موا اور وہ ہمارے لئے خدا سے بات کرتا ہے۔

زبور 110: 4؛ عبرانیوں 4: 14-16؛ عبرانیوں 7: 24-25؛ 1 یوحنا 2: 1-2

س: 84 ہمیں ایک پادری کے طور پر مسیح کی ضرورت کیوں ہے؟

ج: کیونکہ ہمارے گناہ ہمیں مجرم بناتے اور شرمندگی دیتے ہیں ۔

امثال 20: 9؛ واعظ 7: 20؛ یسعیاہ 53: 6؛ رومیوں 3: 10-12؛ رومیوں 23:3 ؛ یعقوب 10:2

س:85 یسوع مسیح بادشاہ کیسے ہے؟

ج: وہ ہم پر حکمرانی کرتا اور ہمارا دفاع کرتا ہے۔

زبور 2: 6-9؛ افسیوں 1: 19-23؛ مکاشفہ 15: 3-4

س:86 ہمیں کیوں ایک بادشاہ کے طور پر مسیح کی ضرورت ہے؟

ج :کیونکہ ہم کمزور اور ڈرپوک ہیں ۔

2کرنتھیوں 12: 9 -10؛ فلپیوں 13:4 ؛ کُلسیوں 1: 11-13؛ عبرانیوں 13: 5-6؛ 2 تیمتھیس 12:1

س: 87 جب ہم یسوع مسیح پر ایمان رکھتے ہیں تو ہم کیا برکت* پاتے ہیں؟

ج: خدا ہمارے گناہ معاف کرتا اور ہمارے راستباز ہونے کا علان کرتا ہمیں اپنے خاندان میں اپنے عزیزبچے کے طور پرشامل کرتا . خدا ہمارے دل* اور رویے کو پاک* بنا تا. اور اُٹھائے جانے کے وقت خدا ہمیں جسم اور روح میں کامل بناتا ہے ۔

رومیوں 5:18 ؛ گلتیوں 4: 4-6؛ افسیوں 1: 5؛ عبرانیوں 10: 10-14؛1یوحنا 2:3

س:88 کیا خدا نے مجھے یہ برکات* اِس لیے دیں کیونکہ میں نے ان کو میرے اچھے رویے سے حاصل کیا ہے؟

ج : نہیں، خدا نے مجھے یہ نعمتیں* اپنے فضل *کے باعث عطا کیں . میں اِن کا مستحق نہیں اور میں انہیں حاصل نہیں کر سکتا۔

یسعیاہ 64: 6؛ افسیوں 2: 8-9؛ ططس 3: 4-7

س:89 کیا خُدا اُن پر سے اپنی برکتوں *کو ہٹا لے گا جنہوں نے توبہ* کی اور ایمان لائے؟

ج : نہیں، یسوع کبھی بھی ان لوگوں کو نہیں چھوڑیں گا جو اُس پریہ ایمان لائے کہ وہ اُن کو بچائے گا ۔

یوحنا 10: 27-30؛ رومیوں 8: 38-39؛ فلپیوں 1: 6؛ 1 پطرس 1: 3-5

س:90 خدا کا فضل* کیا ہے؟

ج: خدا کا فضل* ہمارے لیے اُسکا پیار اور بھلائی ہے جب ہم اسکے مستحق نہیں ہوتے۔

خروج 34: 6؛ افسیوں 1: 7-8؛ 2 کرنتھیوں 8: 9

چوتھا حصہ

روح اور کلیسیا

س: 91 خداکی خواہش اُن سب کے لیے کیا ہے جو نجات دہندہ یسوع پر اعتقاد رکھتے ہیں ؟

ج: وہ چاہتا ہے کہ یہ دِل* اور ظاہری رویوں میں پاک اور یسوع کی مانند بنیں۔

افسیوں 1: 4؛ 1 پطرس 1: 15؛ 2 کرنتھیوں 7: 1

س: 92 خدا ہمیں دِل* اور رویوں میں پاک *کیسے بنا تاہے؟

ج: خدا ہمیں ایک نیا دل*اور روح القدس بخشتا ہے۔

حزقی ایل 26:36 ؛ رومیوں 8: 1-14؛ گلتیوں 5: 22-26؛ افسیوں 13:1

س:93 روح القدس* کون ہے؟

ج: روح القدس* خدا ہے۔ خدا باپ اور خدا بیٹے نے روح القدس *کو بھیجا۔

متی 28: 19؛ یوحنا 14: 26، یوحنا 26:15 ؛ 2 کرنتھیوں 14:13

س:94 اب روح القدس ہمارا کیابن گیا ہے؟

ج: روح القدس اُن سب کا جو یسوع مسیح پر بھروسا کرتے ہیں ،مشکل کشا، ساتھی اور رہنماہ ہے۔

یوحنا 16: 7-8، 12-15؛ رومیوں 8: 14-16؛ 1 کرنتھیوں 6: 19؛ افسیوں 14:1

س:95 میں کیسے جانو کہ روح القدس مجھے پاک *کر رہا ہے؟

ج: میں اپنے نجات دہندہ، یسوع مسیح کی مانند بننے کی طرف بڑھتا جاؤں گا اورمیں اپنے دل* اور رویے میں روح کے پھل دیکھوں گا۔

کُلسیوں 1: 9-12؛ افسیوں 16:3

س:96 روح کے پھل کیا ہیں؟

ج: روح کے پھل محبت، خوشی، اِطمِنان، تحمل ، مہربانی ، نیکی ، اِیمانداری ، حِلم ، پرہیزگاری ہیں۔

گلتیوں 5: 22-23

س: 97 اگر آپ یسوع کی پیروی کریں تو کیا آپ ہمیشہ خوشحال *رہیں گے؟

ج: نہیں۔ بعض اوقات مجھے مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے اور ہوسکتا ہےبعض اوقات مجھے یسوع کی طرح مصیبت اور نفرت سہنی پڑے ۔

یوحنا 15: 18-19؛ 2 تیمتھیس12:3 ؛ رومیوں 8: 23-25؛ یعقوب 1: 2-4؛ 1 پطرس 4: 12-13

س:98 مصیبت کے اوقات میں خدا آپ کی مدد کیسے کرتا ہے؟

ج: وہ مجھے تسلی کا روح عطا کرتا،میری دیکھ بھال کے لیے کلیسیا دیتا . اُس نےاپنے جلال کے لیےاور میری بھلائی کے لیے تمام چیزوں میں کام کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔

رومیوں 5: 3-5؛ رومیوں 18:8 ؛ 1 تھسلنیکیوں11:5 ؛ 1 پطرس 4: 12-19؛1 پطرس 10:5

س:99 عالمگیر کلیسیا کیا ہے؟

ج: عالمگیر کلیسیا خدا کے تمام نجات دہندہ * لوگوں سے بنی ہے۔ کلیسیا * خدا باپ کا خاندان ہے۔ یہ بیٹے مسیح کا بدن ہے۔ یہ وہی جگہ ہے جہاں روح القدس رہتاہے

1کرنتھیوں 27:12؛ افسیوں 3: 14-15؛ افسیوں5:23 ؛ کلیسیوں 1:24 ؛ عبرانیوں 2:11

س:100 مقامی کلیسیا* کیا ہے؟

مقامی کلیسیا * لوگوں کا ایک گروہ ہے جو یسوع مسیح پر اعتقاد رکھتے اور اِس کی تعلیمات کی فرمابرداری کرتے ہیں۔ وہ خدا کی عبادت کرتے اور ایک ساتھ کلام سنتے اور سیکھتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کی دیکھ بھال اور پرواہ کرتےاوروہ خدا کی بادشاہی* کی بڑھوتری کے لئے مل کر دعا اور کام کرتے ہیں۔ وہ ایمانداروں کو بپتسمہ دیتے اور پاک عشاء میں شامل ہوتے ہیں۔

متی 28: 19-20؛ اعمال 2: 41-42؛ اعمال 8: 36-39؛ اعمال 23:14 ؛ رومیوں 6: 1-5؛

1کرنتھیوں 11: 23-26؛ طِطس 1: 5

س: 101 کیا آپ کو ایک مقامی چرچ کا حصہ ہونا چاہئے؟

ج: جی ہاں. مقامی چرچ ایسی برادری ہے جو مجھے ایمان میں مضبوط بنے رہنے اور اِس میں بڑھنے میں میری مدد کرتی ہے - اور یہی سے میں یسوع کے نئے حکم کی اطاعت کرنا سیکھتا ہوں۔

عبرانیوں 10: 24-25

س: 102 یسوع کا نیا حکم کیا ہےجو اُسنے کلیسیا کو دیا؟

ج: یسوع نے کہا، "ایک دوسرے سے محبت رکھو۔ جیسی میں نے تُم سے محبت رکھی تُم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو۔"

یوحنا 34:13

س: 103 ہم اِس محبت کو ایک دوسرے پر کیسے ظاہر سکتے ہیں؟

ہم اس محبت کو یوں ظاہر کرتے ہیں جب ہم ایک دوسرے کےساتھ مہربان ہوتے، ایک دوسرے کے لئے دعا کرتے اور ایک دوسرے کو معاف کرتے ہیں۔ ہم اس محبت کو ظاہر کرتے ہیں جب ہم ایک دوسرے کی عزت* کرتے ہیں، ایک دوسرے کی مدد کریں اور ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہم اس محبت کو ظاہر کرتے ہیں جب ہم ایک دوسرے کے ساتھ سچ بولتے اور دوسروں کی ضروریات کو اپنی ضرورت سے بڑھ کر جانیں۔

رومیوں 10:12؛ افسیوں 32:4؛ کُلسیوں 3: 9، 13؛ 1 تھسلنیکیوں 18:4 ؛ یعقوب 16:5

س: 104 بپتسمہ* کیا ہے؟

ج: بپتسمہ* میں کلیسیا *کا رہنما ایک لمحے کے لئے ایک شخص کو پانی کے نیچے لے جاتا اور پھر پانی سے باہر لاتا ہے۔ وہ ایسا باپ، بیٹا اور روح القدس* کے نام پر کرتا۔.

متی 3: 16،6؛ مرقس 1: 5؛ اعمال 12:8

س:105 بپتسمہ*کون پا سکتا ہے؟

بپتسمہ * ہر ایک کے لئے ہے جو اپنے گناہوں کی توبہ* کرتا ہے۔ یہ اُن سب لوگوں کے لئے ہے جو نجات کے لیے مسیح پر ایمان رکھتے ہیں۔

اعمال 2: 39،38؛ اعمال 8: 36-37؛ اعمال 16: 30-33

س: 106 بپتسمہ* کا مطلب کیا ہے؟

بپتسمہ * ایمانداروں کا مسیح کے ساتھ اتحاد کاایک نشان ہے * جب وہ مرا، دفن ہوا اور مردوں میں سے جی اُٹھا یہ نشان ہمیں یہ بتاتا ہے کہ میں اُسکے (بدن) کلیسیا کا حصہ ہوں.

اعمال 16: 30-33؛ رومیوں 6: 3-5؛ کُلسیوں 12:2

س:107 مسیحی یسوع مسیح کی موت کے بارے میں ایک دوسرے کو کیسے یاد دلائیں ؟

ج: ہم مل کرپاک عشاءمیں شریک ہوں۔

مرقس 14: 22-24؛ 1 کرنتھیوں 11: 23-29

س: 108 عشائے ربانی* کیا ہے؟

ج: عشائے ربانی *میں ہم روٹی کھاتے اور پیالے میں شیرہ پیتے ہیں ہم یسوع مسیح کی موت کی یادگاری کے لئے ایسا کرتے ہیں۔

مرقس 14: 22-24؛ 1 کرنتھیوں 11: 23-29

س:109 روٹی کا مطلب کیا ہے؟

ج: توڑی گئی روٹی مسیح کے جسم کے توڑے جانے کی وضاحت کرتی ہے ۔وہ جو ایک بار ہمارے گناہوں* کے باعث مرا

متی 26:26؛ 1 کرنتھیوں 24:11

س:110 پیالے کاکیا مطلب ہے؟

ج: پیالہ مسیح کے خون کے بارے میں بات کرتا ہے.کہ انہوں نے ایک بار ہماری نجات* کے لیے خُون بہایا

متی 26: 27-28؛ 1 کرنتھیوں 25:11؛ عبرانیوں 9: 26-28

س:111 کون عشائے ربانی* کھا سکتا ہے؟

ج :عشائے ربانی اُن سب کے لئے ہے جو اپنے گناہوں* کی توبہ* کرتے ہیں. یہ ان سب لوگوں کے لئے ہے جو نجات* کے لئے مسیح پر ایمان رکھتے ہیں۔

1 کرنتھیوں 10: 16،17؛ 1 کرنتھیوں 11: 18-29

س:112 کس نے بپتسمہ* اور عشائے ربانی * چرچ کے سپرد کی؟

ج: خداوند * یسوع مسیح نے۔

متی 26: 26-29؛ متی 28: 18-20

س :113 کیوں یسوع مسیح نے بپتسمہ اور * عشائے ربانی کلیسیا کے سپرد کی؟

ج: یسوع مسیح نے اُنہیں یہ بتانے کے لئے دیا کہ اُسکے لوگوں کا تعلق اُس کے ساتھ ہے. یہ کام ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ یسوع نے ہمارے لئے کیا کچھ کِیا ہے۔

متی 28: 19؛ رومیوں 6: 1-5؛ 1 کرنتھیوں 11: 23-26

س: 114 مسیح نے زمین پر اپنی کلیسیا *کو آخری حُکم کیا دیا؟

ج: آسمان *اور زمین کا کُل اختیارمجھے دیا گیا ہے۔پس تُم جا کر سب قوموں کو شاگر*د بناؤ اور اُنکو باپ اور بیٹے اور روح القدس *کے نام سے بپتسمہ *دو۔ اور اُنکو یہ تعلیم دوکہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جنکا میں نے تُم کو حُکم دیا اور دیکھو میں دُنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔

متی 28 : 18-20

س: 115 خُداوند* کا دن کیا ہے؟

خداوند کا دن ہفتہ کا پہلا دن ہے۔ ابتدائی مسیحی اِس دن عبادت کرنے کے لئے جمع ہوتے۔

اعمال 20: 7؛ 1 کرنتھیوں 16: 2؛ مکاشفہ 10:1

س:116 اِسے خُداوند* کا دن کیوں کہا جاتا ہے؟

ج : اِس دِن مسیح مُردوں میں سے جی اُٹھا۔

متی 28: 1-6؛ لوقا 24: 1-6؛ یوحنا 20: 1

س: 117 ہم کس طرح خُداوند* کا دن بہتر طور پرگزارسکتے ہیں؟

ج : ہم خُداوند کے دن کو سب سے بہتر اِس طرح گزار سکتے ہیں جب ہم خدا کے لوگوں کے ساتھ جمع ہو کر اِس کی عبادت کریں اور اپنے ایمان میں ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کریں۔

زبور 27: 4؛ رومیوں 12: 9-13؛ کلسیوں 16:3

پانچواں حصہ

دُعا اور اُمید

س: 118 دُعا کیا ہے؟

ج: دُعایہ ہے جب ہم خدا سے بات کرتے ہیں۔ ہم اس کی بھلائی کے لئے اس کا شکریہ ادا کرتے۔ ہم اپنے گناہ* کو قبول کرتے ہم اُن چیزوں کے لیے دعا کریں جس میں اُسکی خوشی ہو۔

متی 6: 6؛ فلپیوں 4: 6؛ 1 یوحنا 5: 14

س : 119ہمیں کس کے نام سے دعا کرنی چاہیے ؟

ج: ہمیں یسوع کے نام سے دعا کرنی چاہئے۔

یوحنا 14: 13-14؛ یوحنا 23:16

س: 120 دعا کب اور کہاں کرنی چاہئے؟

ج : ہم کسی بھی وقت اور کہیں پربھی خدا سے دعا کر سکتے ہیں۔

متی 6: 6؛ افسیوں 18:6 ؛ اعمال 21: 5؛ کُلسیوں 4: 2

س: 121 دعا کرنے کی ترتیب سکھانے کے لئے یسوع نے ہمیں کیا دیا؟

ج: یسوع نے ہمیں دعائے ربانی* دی۔

متی 6: 9- 15؛ لوقا 11: 2-4

س:122 دعائے ربانی کیا ہے؟

ج: اَے ہمارے باپ تُو جو آسمان* پر ہے

تیرا نام پاک* مانا جائے۔

تیری بادشاہی *آئے۔

تیری مرضی جیسے آسمان* پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔

ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔

اور جس طرح ہم نے اپنے قرضداروں کو معاف* کیا ہے تُو بھی ہمارے قرض* ہمیں معاف* کر۔

اور ہمیں آزمائش میں نے لا ۔

بلکہ بُرائی *سے بچا۔

متی 6 : 9-13

س:123 دعائے ربانی *میں کتنی درخواستیں ہیں؟

ج: دعائے ربانی* میں 6 درخواستیں ہیں۔

س: 124 دعائے ربانی میں پہلی درخواست کیا ہے؟

ج: دعائے ربانی میں پہلی درخواست یہ ہے تیرا نام پاک* مانا جائے۔

متی 6:9؛ لوقا 11:2

س: 125 دعا میں ہم پہلی درخواست کیاکرتے ہیں؟

ج: ہم دعا کرتے ہیں کہ تمام لوگ خدا کے نام کی تعریف کریں ۔

زبور 8: 1-2؛ زبور 72: 18-19؛ زبور 113: 1-3

س: 126 دوسری درخواست کیا ہے؟

ج : ".تیری بادشاہت* آ ئے

متی 6:10 ؛ لوقا 11: 2

س:127 دوسری درخواست میں ہم کیا دعا کرتے ہیں؟

ج : ہم دعا کرتے ہیں کہ دنیا میں تمام لوگ خوشخبری سنیں اور یقین کریں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ وہ خُداوند* کے طور پر یسوع کی فرمابرداری کریں ۔

یوحنا 17: 20-21؛ اعمال 8:12 ؛ اعمال 28: 30-31؛ مکاشفہ 11:15

س: 128 تیسری درخواست کیا ہے؟

ج: تیری مرضی جیسے آسمان *پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔

متی 6 : 10

س : 129تیسری درخواست میں ہم کیا دُعا کرتے ہیں؟

ج: ہم دُعا کرتے ہیں کہ زمین پر لوگ ایسا ہی کریں جیسے خدا ہر جگہ چاہتا ہے، جیسےآسمان *پر فرشتوں کرتے ہیں ۔

زبور 103: 19-22؛ زبور 143: 10

س : 130 چوتھی درخواست کیا ہے؟

ج: ہمارے روز کی روٹی آج ہمیں دے۔

متی 6: 11؛ لوقا 11 : 3

س: 131 چوتھی درخواست میں ہم کیا دُعا کرتے ہیں؟

ج: ہم دُعا کرتے ہیں کہ خدا ہمیں وہ تمام چیزیں دے جو ہمارےجسم کے لئے ضروری ہیں۔

زبور 145: 15-16؛ امثال 30: 8-9؛ متی 6: 31-33

س: 132 پانچویں درخواست کیا ہے؟

ج: اور جس طرح ہم نے اپنے قرضداروں کو معاف* کیا ہے تُو بھی ہمارے قرض* ہمیں معاف* کر۔

متی 6: 12 ؛ لوقا 11: 4

س: 133 پانچویں درخواست میں ہم کیا دُعا کرتے ہیں؟

ج: ہم دُعا کرتے ہیں کہ خدا ہمارے گناہوں* کو بخش دے۔ اور ہم دُعا کرتے ہیں کہ خدا ہمیں اُن کومعاف کرنے میں ہماری مدد کرے جنہوں نے ہمیں ستایا۔

زبور 51: 2-3؛ متی 5: 23-24؛ افسیوں 4: 32

س: 134 چھٹی درخواست کیا ہے؟

ج: ہمیں آزمائش میں نہ لا بلکہ بُرائی *سے بچا۔

متی 6: 13؛ لوقا 11: 4

س: 135 چھٹی درخواست میں ہم کیا دُعا کرتے ہیں؟

ج: ہم دُعا کرتے ہیں کہ خدا ہمیں گناہ* سےمحفوظ رکھے اور ہمیں برائی* سے بچائے

زبور 119: 11؛ 1 کرنتھیوں 10: 13؛ 2 تیمتھیس 4: 18

س: 136 دُعا ہمیں کیا سکھاتی ہے؟

ج: دُعا ہمیں سکھاتی ہے کہ ہمیں خداپر اُسکی مدد کے لیے مکمل طور پر بھروسہ کرنا چاہئے.

افسیوں6: 18 ؛ فلپیوں 4: 6؛ عبرانیوں 4: 16

س: 137 اب مسیح کہاں ہے؟

ج: مسیح اب آسمان میں خدا باپ کے دہنے ہاتھ ہے۔

مرقس 16: 19؛ اعمال5: 31؛ رومیوں 8: 34

س: 138 کیا مسیح دوبارہ اِس زمین میں آئے گا؟

ج: جی ہاں، وہ آخری دن دنیا میں تمام لوگوں کا انصاف کرنے آئے گا اور وہ اُن لوگوں کو بچائے گا جو اُس کا انتظار کر رہے ہیں۔

متی 25: 31-32؛ 2 تھسلنکیوں 1: 7-9؛ 2 تیمتھیس 4: 1؛ عبرانیوں 28:9

س: 139 راستباز * کی موت پر اُسکے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

ج: راستبازوں *کے بدن مٹی میں واپس لوٹ جاتے ہیں لیکن اُنکی روحیں * خُداوند کے ساتھ رہیں گی۔

پیدائش 3: 19؛ واعظ 12: 7؛ 2 کرنتھیوں 5: 8

س:140 شریر لوگوں کی موت پر اُنکے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

ج: شریروں کی لاشیں مٹی میں مِل جاتی ہیں. ان کی روحیوں * کو خُدا فیصلہ کے دِن تک عذاب میں مبتلا رکھتا ہیں ۔

لوقا 16: 23-24؛ یوحنا 5: 28-29؛ 2 پطرس 2: 9

س: 141 کیا مردہ دوبارہ زندہ ہونگے گے؟

ج: جی ہاں، جب یسوع مسیح دوبارہ آئے گے تب سب مردہ زندہ ہو جائیں گے ۔

دانی ایل 12: 2؛ یوحنا 5: 28-29؛ اعمال 24: 14-15

س:142 مسیح کےفیصلہ کے دِن کے آنے پر شریر لوگوں کے ساتھ کیا ہو گا؟

ج: خدا انہیں آخر میں جہنم* کی سزا دے گا جو کبھی ختم نہ ہوگی . وہ ہمیشہ کے لئے خدا کی حضوری سے نکالیں دیئے جائیں گے۔

متی 25: 41،46؛ مرقس 9: 47،48؛ لوقا 12: 5؛ لوقا 16: 23-26؛ 2 تھسلنکیوں 1: 9؛ مکاشفہ 20: 12-15

س: 143 راستباز * لوگوں کے ساتھ کیا ہوگا؟

ج: راستباز * لوگ خدا کے ساتھ خوشی سے رہیں گے. وہ ایک نئے آسمان* اور نئی زمین پر ہمیشہ کے لیے بسے رہیں گے۔

یسعیاہ 66: 22-23؛ 2 پطرس 13:3 ؛ مکاشفہ 21: 2-4

س:144 نیا آسمان* اور نئی زمین کیسی ہوگی؟

ج: نئے آسمان* اور نئی زمین میں ہم خدا کے ساتھ رہیں گے۔ ہم کبھی گناہ* نہ کریں گے۔ ہم کبھی نہ مریں گے۔ کوئی لعنت نہ ہوگی۔ غمگینی اور درد نہ ہوگا۔ ہم کبھی بھی گنہگار، خوفزدہ یا شرمندہ نہیں ہوں گے۔ ہم اُس خوشی کو جانیں گے جو خدا کی طرف سے آتی ہے۔

لفظوں کی فہرت

لفظ	فہرست
گود لینے کا عمل	یہ گود لینے کا ایک قانونی عمل ہے جو کہ کسی شخص کو اپنے خاندان میں شامل کرنا ہے۔ یہ شخص اب خاندان میں ایک بچے کے طور لایاجاتا ہے۔ اس سے پہلے، ہم خدا اور خدا کے دشمنوں کے لیے اجنبی تھے لیکن اب خدا نے ہمیں اپنے عزیز بچوں کے طور پر بُلاہے۔
زنا	زنا کا مطلب کسی شخص کے ساتھ جنسی تعلق ہے جو آپ کی اپنی بیوی یا شوہر نہیں ہے
فرشتہ	ایک فرشتہ* خُدا کی طرف سے اُسکا پیغام لانے والا ایک خادم ہے ایک فرشتہ* روح* ہے. ایک فرشتہ خدا کے بارے میں اچھی چیزیں بتاتا ہے. ایک فرشتہ وہی کرتا ہے جو خدا چاہتا ہےایک فرشتہ خدا کے خاندان میں موجود لوگوں کے لئے اچھاکام کرتا
بپتسمہ	

ہے. ایک بڑُا فرشتہ شیطان کے لئے کام کر رہا ہے.

چرچ * رہنما ایک لمحے کے لئے ایک شخص کو پانی کے نیچے لے
جاتا اور پھر اِسے پانی سے باہر لاتا ہے۔اس طرح ہم ظاہر کرتے ہیں کہ مسیح نے ہمیں پاک صاف کر دیا ہے۔ ہم دوسروں کو بھی دکھاتے ہیں کہ ہم کلیسیا* کا حصہ ہیں. جب ہم بپتسمہ لیتے ہیں تویہ ہمیں یسوع کی یاد دلاتا ہے جو مر گیا۔ آدمیوں نے اُسے قبر میں رکھامگر وہ مردوں میں سے جی اُٹھا گیا۔

ایماندار * ایک ایسا شخص ہے جو مسیح کو جانتا اور اُس پر رکھتا ہے۔

برکتیں* ایسی اچھی چیزیں ہیں جو خدا ہمیں عطا کرتا ہے. جب ہم خدا سے دُعا کرتےہیں کہ ہمیں برکت ملے تو ہم اس سے کہتےہیں کہ ہماری مدد کریں اور ہم میں اچھا کریں۔

بچہ بننے کا وقت جب عورت کے رحم میں ایک نئی زندگی شروع ہوتی ہے۔

اطمنان کا مطلب ہے جو کچھ ہمارے پاس ہے اس سے خوش ہونا. یہ جاننا کہ جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ کافی ہے۔

کلیسیا اِن لوگوں کا ایک گروہ ہے جو یسوع مسیح پر ایمان رکھتے اور اُسکی پیروی کرتے ہیں۔ وہ مل کر رہتے وہ ایمانداروں*کو

ایماندار

برکتیں

حمل ٹھہرنا

اطمنان

کلیسیا

صلیب

لعنت

ابلیس

شاگرد	بپتسمہ* دیتے ہیں.وہ عشائے ربانی کھاتے اور وہ مسیح کی تعلیم کی فرمابرداری کرتے ہیں۔
ابدی	ایک صلیب میں لکڑی کے دو حصوں کو جوڑا جاتا ہے۔ جب یسوع زندہ تھا تب مجرموں کو مارنے کے لیے اُنہیں صلیب دی جاتی۔یسوع صلیب پر مرا۔
ایمان	لعنت ایک طاقتور لفظ ہے جو کسی شخص یا کسی چیز پر نقصان یا عذاب لائے۔
معافی	ابلیس شیطان* کا دوسرا نام ہے شیطان* بُرے فرشتوں* میں سب سے بدتر ہے۔ (فرشتہ کی وضاحت کو دیکھیں)
جلال	شاگرد ایک ایسا شخص ہے جو کسی دوسرے شخص کی پیروی کرتا اور اس سےسیکھتا ہے۔ ایسا شخص جو یسوع پر یقین رکھتااور یسوع کی تعلیم کی پیروی کرتا ہے۔
فضل	جو چیزیں ہمیشہ رہتی ہیں یا ہمیشہ رہیں گے ابدی ہو گی. ایسی چیز جس کی ابتدا یا انتہا نہ ہو۔
دِل	ایمان کسی شخص یا کسی چیز پر یقین کرنے کا مطلب ہے۔ خدا پر اعتماد*اور یقین رکھنا۔ یہ جاننا کہ خدا حقیقی ہے، یہاں تک کہ جب ہم اِسے نہیں دیکھ سکتے۔
آسمان	معاف کرنے کے لئے محبت ظاہر کرنا اور کسی کے خلاف بری باتوں کو یاد نہ کرنا۔ جب خدا ہمیں بخشتا

جہنم

پاک

روح القدس

احترام

معزز

بُت

ہے تو، وہ ہمارے خلاف غلط کام نہیں کرتا۔

خدا کا جلال سب کچھ ہے جو خدا کو زبردست اور عظیم بنا دیتا ہے، جیسے عظیم بادشاہ۔

فضل خُداکا ایک تحفہ ہے جو ہمارے کئے گئے برے کاموں کی وجہ سے ہمیں نہیں ملنا چاہئے. فضل یہی ہے جو خدا دیتا ہے کیونکہ وہ ہمارے لئے بہت مہربان ہے. معافی *اور اس کی مدد سے خدا کی طرف سے ملتی ہے۔

دل ایک شخص کا سب سے اہم حصہ ہے. ایک شخص کا ایسا حصہ جو محسوس کرتا سوچتااور فیصلہ کرتا ہے۔

آسمان وہ جگہ ہے جہاں خدا اور مسیح ہیں۔ خدا اور اس کے قوانین ہیں۔ آسمان* وہ جگہ ہے جہانوہ لوگ جو خدا اور یسوع کوجانتے ہیں مرنے کے بعد جائیں گے وہ جگہ جہاں لوگ ہمیشہ خوش ہوں گے اور وہاں کوئی مشکل نہ ہوگی۔ نیا آسمان اور نئی زمین خدا کے بارے میں جاننے والے لوگوں کا مستقبل کا گھر ہے۔

جہنم ایسی جگہ ہے جہاں خدا نے شریر لوگوں کوخُود سے الگ رکھا موت کے بعد شریر لوگوں کی سزا جہنم ہے۔

خُدا کے واسطےپاک ہونے کے لئےخود کو بُرائی سے الگ رکھنا۔ایسے پاک ہونا جیسے خدا پاک ہے جب ہم پاک ہیں تو ہم گناہ کے بغیر ہیں تو ہم خدا کے

اسرائیل

یہودی

بادشاہت

قانون

خُداوند

نبی

خُوشحال

سامنے پاک صاف ہیں۔

خدا کی روح [روح کو دیکھیں] جیسے یسوع لوگوں کی مدد کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا. روح القدس خداکا ایک اور نام ہے. اس کے علاوہ اِسکا نام خدا کی روح، مسیح کی روح اور روح جو ہماری مدد کرتا. روح القدس ایک شخصیت ہے،پر انسان نہیں جیسا کہ ہم ہیں۔ وہ خدا ہے، خدا باپ کے ساتھ اور خدا کے بیٹے کے برابر ہے [تثلیث کو بھی دیکھیں]. وہ دنیا کے لوگوں کے درمیان خدا کا کام کرتا ہے۔ کوئی روح القدس نہیں دیکھ سکتا لیکن وہ ہمارے ساتھ اور اُس کے ساتھ رہتا ہے اور جو یسوع کو جانتا ہے۔

کسی کا احترام کرنے کے لئے کسی شخص سے اچھی طرح بات کرنا ہے۔ ایک شخص سے بہتر طریقہ سے پیش آنا کیونکہ آپ اِسکا احترام کرتے ہیں اور اس کی قدر کرتے ہیں۔

اچھی طرح کام کرنا۔اِس طرح زندگی بسر کرناجو خدا اور اُسکے لوگوں کے لئے عزت ظاہر کرے. ایسا شخص بننا جو اپنا کام بہتراور درست طریقہ سے کرتا ہے۔

بت ایسی چیز ہےجو ایک لکڑی، پتھر یا دھات سے بنی ہوتی ہے جس کی لوگ پوجا کرتے ہیں۔ انہیں خدا کی عبادت کرنی چاہئے ایک بت ایک شخص کی تصویر یا ایک ایسی چیز ہے جس سے خدا کی بجائے محبت کی جائے۔ ایک بت ایک باطل خدا ہے۔ کوئی ایسی چیز جسے کوئی شخص خدا سے زیادہ

چھڑانا

توبہ

عزت

قیامت

راستباز

سبت

نجات

شیطان

نجات دہندہ

عزیز رکھے۔

وہ زمین جہاں یہودی لوگ رہتے تھے. یہودی لوگوں کے لئے ایک اور نام اسرائیل کے لوگ ہے وہ ابراہیم، اضحاق اور یعقوب کی اولاد ہیں۔

یہودی ایک ایسا شخص ہے جو ابراہیم، اضحاق اور یعقوب اور انکے بچوں سے پیدا ہوا ہے۔ ایسا شخص جس کے پاس یہودیوں کا ایمان ہے۔

بادشاہت جہاں بادشاہ حکمران ہوتا ہے۔ زمین جہاں بادشاہ حکمران ہے۔ خدا کی بادشاہی یہ ہے کہ خداوہاں حکمران ہے

قوانین جو حکمران لوگوں کوبتانے کے لیے بناتا کہ زندگی کیسے بسر کرنی ہے۔ خدا نے موسی کو اسرائیل کے لوگوں کے لئے قوانین دیے۔

خداوند بائبل میں خدا کے لئے نام ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ سبھی چیزوں سے بالا اور ہر چیز پر حکمران ہے۔ایک نام جسے ہم یسوع کے لئے استعمال کرتے ہیں جب ہم اُسکی تابعداری کرتے ہیں۔

ایک نبی وہ ہوتا ہے جو دوسرے لوگوں کو وہ بتائے جو خدا چاہتا تھا.بہت عرصہ پہلے نبی خدا کے لئے بولتے تھے۔ وہ شخص جو اُن چیزوں کا بیان کرے جو مستقبل میں ہوں گی۔

گناہ/گناہ آلودہ

جان

روح

تثلیث

اعتقاد

کنواری

اچھی چیزوں سے لطف اُٹھانا خوشحالی ہے۔ اچھی صحت ہو یا امیر ہو۔ ہم خوشحال ہیں جب لوگ ہم سے اچھی طرح بات کرتے ہیں۔ جب ہم دوسرے لوگوں کی مہربانی سے لطف اندوز ہوتے ہیں تو یہ خوشحالی ہے۔

کھو ئے جانے کے بعد اُس چیز کوواپس خریدنا۔کسی چیز کو واپس اپنا بنانے کے لیے اُسکی قیمت چکانا ۔

توبہ کرنے کا مطلب گناہ* سے مرنا۔ ایسا کرنا جو خداہم سے چاہتا ہے۔ ماضی میں کیے گئے بُرے کاموں کو نہ کرنے کا فیصلہ۔

عزت کا مطلب اگر کوئی آپ کے لیے اہم ہے تو اُس کا احترام کرنا۔

ائے جانے کا مطلب قیامت ہے۔ دوبارہ زندہ ہونا۔

راستباز ہونے کا مطلب خُدا کے ساتھ درست ہونا۔راستباز * وہ لوگ ہیں جو خُدا کے ساتھ ٹھیک ہیں۔ خُدا اُنہیں اپنے ساتھ درست بناتا ہے وہ اُنہیں اپنے سامنے پاک دیکھتا ہے۔ راستباز شخص خُدا کا دشمن نہیں دوست ہے۔

سبت *وہ دِن ہے جب خُدا نےتخلیق کے کام سےآرام پایا۔ سبت وہ دن ہے جس کے متعلق خُدا نے یہودیوں سے کہا کہ کام نہ کریں۔یہ وہ خاص دِن ہے جس دِن اُنہوں نے آرام کیا اور خُدا کے عبادت کی۔

عبادت

نجات یہ ہے جب خُدا ہمیں گناہ کی قوت اور نتائج سے بچاتا ہے۔بُرے کاموں سے بچنا یا بچایا جانا

اِبلیس کے لیے دوسرا نام شیطان* ہے۔شیطان * برے فرشتوں* میں سب سے برا ہے (فرشتہ کو دیکھیں)

یسوع مسیح نجات دہندہ*ہے. جوہمیں خدا کے پاس واپس لاتااورہمیں ہمارے کئے گئے بُرے کاموں کی سزا سے بچاتا ہے۔

گناہ غلط کام ہیں جو لوگ خدا کے یا دوسرے لوگوں کے خلاف کرتے ہیں۔ جب ہم خدا کی بنائے قانین پر عمل نہیں کرتے تو ہم گناہ* کرتے ہیں۔ جب ہم ایسا نہیں کرتے جو خدا ہم چاہتا ہے تو ہم گناہ کرتے ہیں۔ تمام لوگ گنہگار ہیں کیونکہ وہ خدا یا دوسرے لوگوں کے خلاف کام کرتے ہیں۔ تمام لوگ گنہگار* ہیں کیونکہ وہ بری خواہشات سے پیدا ہوئے تھے۔

جان / روح ایک شخص کا وہ حصہ ہے جسے ہم دیکھ نہیں سکتے یہ ہماری زندگی کے دُوران ہم میں ہوتی ہے، اور یہ ہمارے مرنے کے بعد زندہ رہتی ہے۔ خدا نےآدم اور حوا کو جان عطا فرمائی جب اُس نے ان میں زندگی کا دم پھونکا۔ کسی شخص کی جان کبھی کبھی اِس شخص کی روح کہلاتی ہے۔ (روح کو دیکھیں)

روح یہ ہے کہ یہ جسم نہیں رکھتی اور کوئی بھی اِسے دیکھ نہیں سکتا ہے۔ خدا روح* ہے۔ خدا نے

دوسری روحانی مخلوقات (فرشتے) بنائی ہیں جنہیں ہم دیکھ نہیں سکتے، جو اچھی یا بری ہو سکتی ہیں

کسی شخص کی جان کبھی کبھی اِس شخص کی روح کو کہلاتی ہے (جان کو دیکھیں)

تثلیث وہ لفظ ہے جو ہم ایک خدا کی بات کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں جو تین افراد ہیں: خدا باپ، خدا کا بیٹا (یسوع)، اور خدا روح القدس۔

اعتقاد کرنے کا مطلب کسی چیز یا کسی شخص کی پیروی کرنا جسے آپ حقیقی سمجھتے ہیں. ایمان* لانا اور ایمان* کے ساتھ کام کرنا (ایمان کو دیکھیں)

ایک کنواری وہ شخصیت ہے جس نے مباشرت نہ کی ہو۔

عبادت کرنےکا مطلب خدا کو یہ ظاہر کرنا ہے کہ وہ عظیم ہے اور ہم اس سے بہت محبت کرتے ہیں.
عبادت کرنا مطلب عزت دینا (عزت ملاحظہ کریں)
اور خدا کا شکر کرنا۔ہمیں کیا کرنا چاہئے جب ہم خدا کے ساتھ ہوں۔

ایک موافقت کی طرف سے:

www.clearandsimplemedia.org

اس کتاب کا ایک الیکٹرانک ورژن تلاش کرنے کے لئے، ملاحظہ کریں:

www.asimpleword.org

اس کتاب اور دیگر وسائل کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، رابطہ کریں:

www.clearandsimplemedia.org

ترجمہ www.christian-translation.com کی طرف سے کیا گیا ۔